Pakistan Pharmacists Association

Good Governance of Medicine and Patient Care through Pharmacist

Professional Body of Pharmacist Registered under Societies Registration Act, XXI of 1960

info@pakistanpharmacistsassociation.com | https://pakistanpharmacistsassociation.pk

مارچ 11، 2023

نمبر: 737/23

پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن کے حقیقی اور منصفانہ انتخابات-2023

محترم فارماسسٹ بھائیوں اور بہنوں!

ادویات وصحت انسانی زندگی کا بنیادی جزو ہے اور فارماسسٹ اس شعبے کا ناگزیر اور اہم حصہ ہیں۔ جس کے بغیر اس نظام کے تقاضے کسی صورت نہیں پورے کئے جاسکتے۔ مگر بد قسمتی سے ہماری بہادر اور عظیم برادری پر گذشتہ تین دہائیوں سے ایک مخصوص سرکاری اور حکومتی ٹولہ مسلط ہے۔ جسے ہم کانفرنس مافیا، سرکاری بدمعاش، گلوبٹ اور قبضہ گروپ کے ناموں سے جانتے اور پہچانتے ہیں۔ جو پاکستان کے تقریبا ایک لاکھ فارماسسٹوں کی بجائے اپنے ہی چند ارکان کی رائے دہی سے پوری برادری پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ دشمن قوتوں کی نمائندگی اور حکومت کی ذیلی تنظیم یا "بی" ٹیم کی طرح کام کرتے ہیں۔ اور فارماسسٹوں کے خلاف ہر مکروہ کام کا ساتھ دیتے ہیں۔ یہ لوگ سرکاری افسران اور وزرا کی چاپلوسی، حکومت کے سامنے سجدہ ریز اور اسٹیبلشمنٹ کے آگے لیٹ جاتے ہیں۔ اپنے شخصی اور ذاتی مفادات کیلئے پوری برادری کو قربان کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ اب اسی ٹولے نے اس ماہ اپنے گروپ کے اندرونی انتخابات کو پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن سے منسوب کرکے قوم کو دھوکہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ لاہور کی ایک کاروباری شخصیت کو ورغلا کر انتخابی نگران بناڈالا ہے۔ اور ایک نرالہ ڈرامہ رچانے کی کوشش کی ہے۔ لیکن ہم اس غنڈہ گردی کو سختی سے مسترد کرتے ہیں۔ دھونس اور دہاندلی سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہیں۔ انکے غیر اخلاقی اور غیر قانونی طرز عمل اور طریق کار کو ناپسند کرتے ہیں۔ اس سرکاری بدمعاشی اور مکروہ شیطانی فعل سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔ اور بڑے ادب سے انکے گھناونے کھیل کو کلی طور پر مسترد کرتے ہیں۔

آخر میں ہم فارماسسٹ بھائیوں اور بہنوں کو حقیقی طریق کار وضع کرنے کی نوید دیتے ہیں۔ عظیم قومی راہنما جناب **عمران خان** کی بیداری کی تحریک میں آزادی وخود مختاری کی خبر دیتے ہیں۔ اپنی برادری کی صحیح نمائندگی کا حقیقی لائحہ عمل متعارف کرانے کی خوشخبری دیتے ہیں۔ اپنے رب کی کبریائی اور نبی ﷺ کی غلامی کا اعلان کرتے ہیں۔ دنیا کی ہر جعلی خدائی کو اپنے پاوں کی نوک پہ رکھتے ہیں۔ اور بہت جلد قابل عمل انتخابی طریق کار وضع کرینگے۔ جس میں پاکستان کا ہر فارماسسٹ بغیر کسی رجسٹریشن ڈرامے کے اپنا قانونی حق رائے دہی استعمال کرسکے گا۔ الیکٹرانک طریق کار سے بآسانی، گھر بیٹھے اور بغیر کسی سیاسی، معاشی، دفتری اور سرکاری دباو سے اپنا ووٹ دے سکے گا۔ انشااللہ

آپکا خیر اندیش،

عبوری صدر

پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن۔

https://pakistanpharmacistsassociation.com

info@pakistanpharmacistsassociation.com

چیئرمین

گرینڈ فارماسسٹ الائینس۔

پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن۔